بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اخبار الوفاق

مولانا امین اللہ

وفاق المدارس کی آئینی رٹ پٹیشن' مشاورتی اجلاس:

بدھ ۲۳ رجب ۱۴۲۸ھ جامعہ خلفاء راشدینؓ اسلام آباد میں حضرت صدر وفاق دامت برکاتہم کے زیر صدارت علماء کرام کا ایک مشاورتی اجلاس منعقد ہوا جس میں سانحہ لال مسجد و جامعہ حفصہؓ کے حوالے سے وفاق کی جانب سے عدالت عظمیٰ میں دائر کردی گئی رٹ پٹیشن پر غور کیا گیا اور اس سلسلے میں وکلاء سے مشاورت بھی ہوئی۔

سانحہ لال مسجد و جامعہ حفصہ کی سماعت :

جمعرات ۲۴/ رجب کو صدر و ناظم اعلیٰ وفاق کے علاوہ مولانا قاری سعید الرحمٰن صاحب' مولانا قاضی عبدلارشید صاحب اور دیگر علماء کرام عدالت عظمیٰ میں سانحہ لال مسجد کے حوالے سے وفاق کی طرف سے دائر کردہ رٹ کی سماعت کے موقع پر موجود رہے۔

وفاق المدارس کے تحت سالانہ امتحانات کا انعقاد :

ہفتہ ۲۶/ رجب کو ملک بھر میں وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے تحت سالانہ امتحانات کا آغاز ہوا جس میں تقریباً ایک لاکھ اسی ہزار طلبہ و طالبات نے شرکت کی۔ امتحانات کے لیے پورے ملک میں کل 1027 امتحانی مراکز قائم کیے گئے' جہاں 6000 نگران عملہ نے فرائض سرانجام دیے' یکم شعبان تک جاری رہنے والا امتحانی عمل (بعض عناصر کی طرف سے ناپسندیدہ کوششوں کے باوجود) مکمل طور پر پر امن اور پرسکون ماحول میں پایہ تکمیل تک پہنچا۔

وفاق المدارس کی مجلس عاملہ کا اجلاس:

ہفتہ ۴ شعبان کو جامعہ دارالعلوم کراچی میں وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی مجلس عاملہ کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں وفاق کی قیادت' اراکین عاملہ کے علاوہ خصوصی دعوت پر بعض دیگر اہم شخصیات نے بھی شرکت کی' اجلاس میں سانحہ لال مسجد و جامعہ حفصہؓ سے پیدا شدہ صورت حال' تحفظ مدارس اور آئندہ کے لیے حکمت عملی و لائحہ عمل کے بارے میں غور وخوض ہوا۔

وفاق المدارس کے تحت "تفتیش اوراق" کا عمل :

منگل ۷ شعبان کو وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے زیر نگرانی جامعہ خیر المدارس ملتان میں امتحانی پرچوں کی تفتیش (مارکنگ) کا آغاز ہوا۔ دو ہفتوں تک جاری رہنے والے تفتیش اوراق کے اس عمل میں ملک بھر سے مدعو تقریباً چار سو ممتحنین نے حصہ لیا۔ اس موقع پر صدر وفاق اور ناظم اعلیٰ وفاق کے علاوہ امتحانی کمیٹی اول تا آخر موجود رہی اور باقاعدہ تفتیش اوراق کے اس عمل کی نگرانی کرتی رہی۔

وفاق المدارس کے وفد کی غازی مرحوم کی قبر پر فاتحہ خوانی اور ان کے ورثہ سے اظہار تعزیت:

منگل ۱۴ شعبان کو وفاق المدارس کے ایک وفد (جس میں ناظم اعلیٰ وفاق اور مولانا کفایت اللہ صاحب و دیگر شامل تھے) نے صدر وفاق کی قیادت میں غازی عبدالرشید شہید مرحوم کے آبائی گاؤں روجہان مزاری جا کران کی قبر پر فاتحہ خوانی اور اعزہ و اقارب سے تعزیت کا اظہار کیا۔

اسی طرح جمعۃ المبارک ۱۷ شعبان کو صدر وفاق کی قیادت میں ناظم اعلیٰ وفاق المدارس کے علاوہ دیگر علماء پر مشتمل وفد نے اسلام آباد میں مولانا عبدالرشید غازی شہید مرحوم کی ہمشیرہ، بہنوئی اور مولانا عبدالعزیز کی اہلیہ محترمہ ام حسان سے بھی تعزیت کا اظہار کیا۔

وفاق المدارس کے وفد کا دورہ رحیم یار خان :

منگل ۱۴ شعبان کو خان پور (رحیم یار خان) میں مذکورہ وفد نے مولانا شفیق الرحمٰن درخواستی رحمۃ اللہ علیہ کی وفات پر منعقدہ تعزیتی اجتماع میں شرکت کی جہاں صدر اور ناظم اعلیٰ وفاق نے اجتماع سے خطاب اور ورثاء سے تعزیت کا اظہار کیا۔ بعد ازاں جامعہ عبداللہ بن مسعود خان پور کے منصب اہتمام کے لیے مولانا حبیب الرحمٰن درخواستی صاحب جبکہ نظامت اعلیٰ کے لیے مولانا حماد اللہ درخواستی صاحب کی دستار بندی بھی کی۔ اس موقع پر وفد کے اعزاز میں مخزن العلوم کے مہتمم مولانا فضل الرحمٰن درخواستی صاحب نے ظہرانہ دیا۔

اسی روز بعد از مغرب جامعہ رحیمیہ ترتیل القرآن میں رحیم یار خان کے علماء اور مدارس کے ذمہ داران کا اجتماع منعقد ہوا جہاں ناظم اعلیٰ وفاق نے موجودہ حالات خصوصاً لال مسجد و جامعہ حفصہؓ کے حوالے سے وفاق کے مؤقف، آئندہ حکمت عملی اور لائحہ عمل کے حوالے سے تفصیلی خطاب کیا۔ اس موقع پر وہاں کے علماء نے وفاق المدارس اور اس کی قیادت پر اپنے مکمل اعتماد اور تعاون کا اظہار کیا۔

اسی روز وفد نے بعد نماز عشاء جامعہ عثمانیہ رحیم یار خان کے سالانہ جلسہ تقسیم اسناد میں شرکت کی اور صدر وفاق نے بخاری شریف کی آخری حدیث کا درس دیا، جبکہ ناظم اعلیٰ وفاق نے دینی مدارس اور علماء کی ذمہ داریاں اور سانحہ لال مسجد جامعہ حفصہ کے حوالے سے خطاب کیا۔